© rasailojaraid.com

۲۔ عبدالمغنی، تنقیدِ مشرق، نئی دہلی: اردو فاؤنڈیشن (۱۹۸۷ء)، ص ۱۵۰-۱۶۱

۳۔ ہندوستان کے مختلف علاقوں کے اصل باشندے جو قدیم طرزِ زندگی اپنائے ہوئے ہیں اور ازحد پسماندہ ہیں۔

۴۔ سہیل عظیم آبادی، انجمن ترقی اردو کے پروگرام کے تحت رانچی اور اس کے گرد و نواح میں اردو زبان کی ترویج کے لیے کوشاں رہے تھے۔ ڈاکٹر عبدالمغنی کی روایت کے مطابق رانچی میں سہیل عظیم آبادی کے کاموں کی یادگار ایک اسکول آج تک موجود ہے۔

## بحیرۂ مردار کے طوماروں کا مطالعہ

بحیرۂ مردار کے طوماروں کا ایک بڑا حصّہ چند برس پہلے تک اہلِ علم کی رسائی سے باہر تھا۔ اس حصّے کی مکمل فہرستیں شائع ہونے سے بحیرۂ مردار کے طومار ایک بار پھر "تحقیق و جستجو" کا مرکز بن گئے ہیں۔ متعدّد کتابیں سامنے آچکی ہیں اور مختلف نقطۂ نظر پیش کیے جا رہے ہیں۔ اس بڑھتی ہوئی دلچسپی کا اظہار نیدرلینڈز کے معروف ناشر ای۔ جے۔ برل کی جانب سے ایک علمی مجلّے Dead Sea Discoveries (A Journal of Current Research on the Scrolls and Related Literature کے اجراء سے ہوتا ہے۔ اپریل ۱۹۹۴ء میں مجلّے کا پہلا شمارہ شائع ہوا تھا پہلے شمارے کے تمام مقالات انگریزی زبان میں ہیں، تاہم آئندہ انگریزی کے ساتھ جرمن اور فرانسیسی زبانوں میں ہی مقالات شائع ہوں گے۔



© rasailojaraid.com